22156- مسلمان شخص کی حاملہ عیسائی بیوی کہاں دفن کی جائے گی

سوال

مسلمان شخص سے حاملہ نصرانی عورت کہاں دفن کی جائے گی ؟

پسندیدہ جواب

شیخ الاسلام ابن
تیمیۃ رحمہ اللہ تعالی سے مندرجہ ذیل سوال کیا گیا :

ایک مسلمان شخص کی عیسائی بیوی فوت
ہوگئی جس کے پیٹ میں سات ماہ کا بچہ ہے ، توکیا اسے مسلمانوں کے قبرستان میں دفن
کیا جائے گا ، یا عیسائیوں کے قبرستان میں ؟

ان کا جواب تھا :

وہ مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہیں
کی جائے گی ، اور نہ ہی عیسائیوں کے قبرستان میں ، کیونکہ مسلمان اور کافر جمع ہیں ،
لھذا نہ توکافر مسلمانوں کے ساتھ اور نہ ہی مسلمان کافروں کے ساتھ دفن ہوگا ، بلکہ
اسے علیحدہ دفن کیا جائے گا ، اور اس کی پشت قبلہ کی طرف کی جائے گی ، کیونکہ بچے کا
منہ اس کی پشت کی طرف ہے ، اور جب اسے اس طرح دفن کیا جائے گا تو بچے کا منہ قبلہ رخ
ہوگا ، اور بالاتفاق علماء کرام بچہ اپنے والد کے اسلام کی بنا پر مسلمان ہوگا ،
اگرچہ اس کی ماں کافرہ ہی ہے .

واللہ اعلم .